03-06-2022
www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ جہان پاکستان کراچی

ایس آر بی کی محصولات میں ریکارڈ 21 فیصد اضافہ

رواں مالی سال 131 ارب سے زائد ریونیو حاصل، گزشتہ سال اسی ماہ میں 108 ارب تھا

بجٹ میں نیا ٹیکس، شرح میں اضافہ نہ کرنے کے باوجود محصولات میں بڑھوتری ہوئی، ذرائع

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ ریونیو بورڈ کی محصولات میں ریکارڈ اضافہ، ایک سال میں انکم 21 فیصد بڑھ گئی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ریونیو بورڈ نے ماہ مئی 2022 میں 14 ارب روپے سے زائد ریونیو حاصل کرلیا جبکہ گزشتہ سال مئی 2021 میں 10 ارب روپے سے زائد ریونیو جمع کیا گیا تھا، اس طرح 37 فیصد کا اضافی ریوینیو جمع ہوا۔ سندھ ریونیو بورڈ نے رواں مالی سال جولائی سے مئی میں 21 فیصد زائد ریونیو جمع کیا ہے جو گزشتہ سال کے 108 ارب روپے سے بڑھ کر 131 ارب روپے ہوگیا ہے، ایس آر بی کے ذرائع کے مطابق محصولات کی وصولی میں اضافہ اس حقیقت کے باوجود ہوا کہ سندھ کے بجٹ سال 2021-22 میں نہ تو کسی نئی سروس پر ٹیکس لگایا گیا اور نہ ہی ٹیکس کی شرح میں اضافہ کیا گیا تھا اور وزیر اعلیٰ سندھ کی جانب سے تعاون میں اضافے کے بعد ٹیکس دہندگان اور ٹیکس جمع کرانے والوں کے درمیان ہم آہنگی میں اضافہ ہوا اور افسران کی محنت کے باعث محصولات کے علاوہ بقایا جات کی وصولی میں بھی بہتری آئی۔